کتاب: پاکستان اور بھارت میں مذہبی رواداری کی جڑیں
(Roots of Religious Tolerence in Pakistan and India)

مصنف: ڈاکٹر کامران احمد

صفحات: ۲۱۴

قیمت: قیمت درج نہیں

پبلشر:

تبصرہ نگار: اقبال علی خان

۱۹۹۲ء میں تربت میں مذہب کے نام پر زندہ جلائے جلانے والے بچے کے نام معنون یہ کتاب برصغیر پاک و ہند میں مذہبی رواداری کی بنیادیں تلاش کرنے کی ایک اچھوتی اور فکر انگیز کوشش پر مبنی ہے۔ تاہم مصنف کی توجہ کا بڑا مرکز پنجاب اور اس کے گرد و نواح کے علاقے ہیں جو گذشتہ نصف صدی سے بنیاد پرستی اور عدم رواداری کے فروغ پذیر رجحانات کی زد میں ہیں۔

کیا یہ رجحانات اس خطے کی روح کا حصہ ہیں اور ہمیشہ سے موجود رہے ہیں یا بعض جدید عوامل نے اُن کو جنم دیا ہے؟ اس سوال کا جواب تلاش کرتے ہوئے ڈاکٹر کامران احمد نے اس علاقے کی مذہبی، روحانی، ثقافتی اور سیاسی تاریخ کا گہری نظر سے مطالعہ کیا ہے۔ وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مذہبی عدم رواداری اور جارحانہ رویے اس خطے کی تاریخی روایات کا حصہ نہیں۔ وہ حالیہ تاریخ اور مخصوص بین الاقوامی حالات کے نتیجے میں پیدا ہوئے ہیں اور اُن سے نجات کا ایک مؤثر راستہ یہ ہے کہ ہم اپنے لوک ادب سے زندہ تعلق پیدا کریں۔

یہ وہ موضوعات ہیں جن پر ہمارے ہاں بہت سی بحثیں ہونی چاہیے تھیں اور اہلِ علم و دانش کو ان میں دلچسپی لینا چاہیے تھی۔ تاہم ایسا نہیں ہوا ہے۔ اس لیے ڈاکٹر کامران احمد کی